


## مقدسہ مریم، خدا کی ماں

رنگ سفید

عدد6:22۔27

زبور66

غلاطیوں4:4۔7

لوقا2:16۔21

**مرکزی آیت: ''خداوند اپنا چہرہ تیری طرف کرے اور تجھے سلامتی بخشے۔'' عدد6:26**

ہیکل میں عبادت کے اختتام پر، کاہن نے اپنے ہاتھ اٹھا کر، ان الفاظ میں لوگوں کو برکت دی۔ یہ کلمات مریم کے دل میں، جنہیں ہم آج ''خدا کی ماں'' کے طور پر عزت دیتے ہیں، گہرائی سے اتر گئے۔ اور کلیسیا اور دنیا میں ثمر آور ہوئے۔ یوخرستی قربانی میں ہم ہمیشہ خداوند کی برکت حاصل کرتے ہیں۔ آج کی برکت، جو سال کے پہلے دن دی جاتی ہے، نہایت قیمتی ہے، اسے ضائع نہ ہونے دیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 2۔جنوری | سال دوئم کرسمس کے ایام | جمعہ |
| --- | --- | --- |




**مقدس بیزل اعظم اَور مقدس گریگوری نازیانزن اُسقف اَور کلیسیاء کے معلمین** | **رنگ سفید**

**1یوحنا 2:22۔28** **زبور 97**

**یوحنا1:19۔28**

## مرکزی آیت: ''یہی وعدہ اس نے ہم سے کیا ہے: ہمیشہ کی زندگی۔'' 1۔یوحنا2:25

ہمیشہ کی زندگی کیا ہے؟ کیا وہ زندگی جو ہمیں موت کے بعد ملے گی؟ ہاں، لیکن صرف وہی نہیں۔ یہ وہ زندگی بھی ہے جو ہمیں پہلے ہی خدا کے ساتھ رفاقت میں شامل کر دیتی ہے۔ یہ زندگی یسوع کی پکار کا جواب دینے سے شروع ہوتی ہے اور مسیحی جماعت کے ساتھ وابستگی میں جاری رہتی ہے۔ اسی جماعت میں مقدس بیزل اعظم اَور مقدس گریگوری نازیانزن بھی شامل ہیں، جو یسوع سے اپنی محبت ہم تک پہنچاتے ہوئے ہمیں ایک ایسی زندگی میں خوش آمدید کہتے ہیں، جو بے حد و حساب ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| ہفتہ | سال دوئم کرسمس کے ایام | 3۔جنوری |
|---|---|---|



| رنگ سفید | خداوند یسوع مسیح کا نہایت مقدس نام |
|---|---|

زبور97

1۔یوحنا2:29 ؛ 3:6

یوحنا1:29۔34

**مرکزی آیت:''وہی ہے جو روح القدس میں بپتسمہ دیتا ہے۔''یوحنا1:33**

یہ یوحنا بپتسمہ دینے والے کے الفاظ ہیں، جو نبیوں میں سب سے آخری نبی تھے۔ انہوں نے یسوع کو موعودہ اور منتظر مسیحا کے طور پر پہچانا۔یعنی وہ جو''روح القدس میں بپتسمہ دیتا ہے۔''اے یسوع! ہم تجھے تیرے نام سے پکارتے ہیں اور تو ہمیں اپنی روح عطا کرتا ہے۔۔۔یعنی صلح کی،سخاوت کی،فروتنی کی روح۔اے یسوع! ہم تیرے مقدس نام کے لئے تیرے شکر گزار ہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

| 4۔جنوری | سالِ اوّل کرسمس کادوسرااتوار | اتوار |
| --- | --- | --- |



| عیدِ ظہورمسیح | رنگ سفید |
| --- | --- |
| اشعیا60:1۔6 | زبور71 |
| افسیوں3:2۔3،5۔6 | متی2:1۔12 |

**مرکزی آیت: ”تجھ پر خداوند کا جلال طلوع ہوا ہے۔“ اشعیا60:1**

آج خدا کا کلام اعلان کرتا ہے کہ یسوع ، خدا کا بیٹا ، ہر قوم ،نسل اور مذہب کے لوگوں کے لئے زمین پر آیا۔ وہی ان کی نجات اوران کا امن ہے۔کلیسیا اس ستارے کی مانند ہوگی جوانہیں اس تک رہنمائی فراہم کرے گی۔ وہ کلیسیا جو اپنی محبت میں جیتی ہے، ان سب کوخوش آمدید کہے گی اور نیا راستہ بتائے گی جو باپ کی کشش سے کھنچ کرنئ زندگی کی تلاش میں ہیں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| 5۔جنوری | سال دوئم کرسمس کے ایام | سوموار |
| --- | --- | --- |

1۔یوحنا3:11۔21

زبور99

رنگ سفید

یوحنا1:43۔51

**مرکزی آیت:" خدا ہمارے دل سے بڑا ہے اور سب کچھ جانتا ہے۔" 1۔یوحنا3:20**

یہ خدا کا فضل ہے کہ ہمارا دل ہمیں کسی کمی یا محبت کی کوتاہی پر ملامت کرتا ہے۔لیکن مایوسی کو ہم سے دور رہنا چاہیئے۔کیونکہ وہ شریر کیطرف سے آتی ہے۔اس کے بجائے،ہم اعتماد اور فروتنی کے ساتھ خداوند کی طرف رجوع کرتے رہیں۔کیونکہ وہ ہمارے دل سے بڑا ہے اور سب کچھ جانتا ہے۔وہ ان بھاری پتھروں کو بھی جانتا ہے جو ہمارے دل پر بوجھ بنے ہوئے ہیں۔اور صرف وہی ہے جو انہیں اٹھا سکتا ہے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

1۔یوحنا4:7۔10

زبور71

رنگ سفید

مقدس مرقس6:34۔44

**مرکزی آیت:"تم انہیں کھانے کو دو۔" مرقس6:37**

جو لوگ یسوع کی پیروی کرتے تھے، انہیں جسمانی خوراک کی پرواہ نہیں تھی۔ یسوع لوگوں کی اس مثال کو شاگردوں کو سکھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ نہ ختم ہونے والا کھانا کہاں سے ملے گا؟ یسوع نے کہا: زندگی کی روٹی میں ہوں۔ اس لئے یسوع جو غذا لوگوں کو فراہم کرتا ہے اسے خریدنے کی ضرورت نہیں بلکہ یہ ایک ایسا کھانا ہے جو فراخدلی سے پیش کیا جاتا ہے اور بڑھتا ہے۔ یسوع ہمیں زندگی کی حقیقی غذا دیتا ہے۔ تاکہ ہم اس خوراک کی بدولت اندھیروں سے باہر نکلیں اور دوسروں کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو پیش کریں، جس طرح خداوند یسوع نے انسانیت کو بچانے کے لئے کیا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................


..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| بدھ | سال دوئم کرسمس کے ایام | 7۔جنوری |
|---|---|---|



| رنگ سفید | مقدس ریمنڈ آف پینا فورٹ، کاہن/ مقدس والینٹینو، اسقف |
|---|---|

زبور 2

1۔یوحنا 22:3؛ 6:4

متی 12:4۔17،23۔25

**مرکزی آیت: ''اے بچو! تم خدا سے ہو۔'' 1۔یوحنا 4:4**

ہم کرسمس کی تقریبات کو ختم کر رہے ہیں۔ ہم نے یسوع کے دنیا میں جسمانی طور پر آنے کی حقیقت پر غور کیا۔ یسوع کے شاگرد نے کہا تھا: ''جو شخص یہ اقرار کرے کہ یسوع مسیح انسان بن کر آیا ہے، وہ خدا کی طرف سے ہے۔'' اس حقیقت کو بیان کرنے کے لئے ہم یوحنا رسول کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ جس نے ہمیں سچا علم دیا ہے جو ہمیں مضبوط کرتا ہے۔ ہمیں سچے ایمان میں قائم رکھتا ہے اور دوسرے مذاہب کی طرف مائل کرنے سے روکتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔یوحنا 4:19، 5:4 زبور 72

رنگ سفید

لوقا 4:14۔22

**مرکزی آیت: ’’ جو خدا سے محبت رکھتا ہے، اسے اپنے بھائی سے بھی محبت رکھنی چاہیئے۔‘‘ 1۔یوحنا 4:21**

جو اپنے بھائیوں سے محبت نہیں رکھتے ، وہ خود کو دھوکا دیتے ہیں۔اگر وہ یہ سمجھیں کہ وہ خدا سے محبت رکھتے ہیں،تو حقیقت میں وہ اسے دکھی اور ناخوش کرتے ہیں۔باپ یقیناً اس وقت خود کو محبوب محسوس نہیں کرتا جب میں اس کے بچوں سے محبت نہ کروں، یا اس سے بھی بدتر کہ میں کچھ بچوں سے نفرت کروں۔خدا کے حضور صرف میں نہیں ہوں، بلکہ میرے ساتھ میرے بہت سے بھائی بھی ہیں۔وہ سب اس کے فرزند ہیں۔خدا سے محبت کرنا،اس سے اور ان سب سے محبت کرنا ہے جن سے وہ محبت رکھتا ہے۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

1۔یوحنا5:5۔13

زبور147

رنگ سفید

لوقا5:12۔16

**مرکزی آیت:''وہ ان کے ساتھ کشتی میں آبیٹھا اور ہوا تھم گئی۔'' مرقس6:51**

یسوع خاموشی میں دُعا کر رہے تھے۔ جب اس نے دیکھا کہ اس کا اپنا خاندان (شاگرد) سمندر میں مخالف ہوا کے وجہ سے مشکل میں ہیں، تو وہ ان تک پہنچا اور انہیں بچایا۔ ہم مسیحی بھی یسوع کی پیروی کریں گے کہ اکثر دعا میں تنہائی اختیار کریں۔ اس کے ساتھ تنہا ہوں۔ ہم روشنی اور قوت حاصل کریں گے تا کہ کلیسیا کی مشکلات اور دکھوں میں اس کی مدد کر سکیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔یوحنا5:14۔21 زبور149

رنگ سفید

یوحنا3:22۔30

## مرکزی آیت:''وہ بڑھے لیکن میں گھٹوں۔''یوحنا3:30

یوحنا بپتسمہ دینے والے کے الفاظ''وہ بڑھے لیکن میں گھٹوں۔'' ان الفاظ کے ساتھ یوحنا اپنی گہری عاجزی اور مشن کو واضح کرتا ہے۔ یسوع کے لئے راستہ تیار کرنا اور پیچھے ہٹنا ہی اس بات کی علامت ہے کہ یسوع ہی صرف ہماری زندگی کا مرکز اور محور ہے۔ یہ آیت اہلِ ایمان کے لئے زبردست دعوت ہے کہ وہ عاجزی کو گلے لگائیں۔ اور یہ تسلیم کرنا کہ ہماری قدر اور مقصد دوسروں کو مسیح کی طرف اشارہ کرنے میں پایا جاتا ہے نہ کہ اپنی پہچان کی تلاش میں رہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 11۔جنوری | سالِ اوّل عام ایام کا پہلا اتوار | اتوار |
|---|---|---|



| خداوند یسوع مسیح کے بپتسمہ کی عید | رنگ سفید |
|---|---|

اشعیا42:1۔4؛6۔7 زبور28

اعمال10:34۔38 متی3:13۔17

**مرکزی آیت: ''میں اس سے خوش ہوں۔'' متی3:17**

جب یسوع بپتسمہ لینے کے لئے یوحنا اصطباغی کے پاس آئے، تو پانی سے نکلتے ہی انہوں نے آسمان کو کھلتے اور روح القدس کو کبوتر کی شکل میں نازل ہوتے ہوئے دیکھا۔ پھر آسمان سے ایک آواز آئی: ''یہ میرا پیارا بیٹا ہے، جس سے میں خوش ہوں۔'' میں یسوع سے محبت کروں گا اور اس کی سنوں گا، جو میرے لئے بھی، جیسے باپ کے لئے، خوشی اور مسلسل تسلی کا سرچشمہ ہے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

1۔سموئیل 1:1۔8

زبور 115

رنگ سبز

مرقس 1:14۔20

**مرکزی آیت: ''وہ اس کے پیچھے ہو لئے۔'' مرقس 1:20**

یہ وہی عمل ہے جو ہم میں سے ہر ایک کرنا چاہتا ہے۔ جب ہم نے یسوع کی پیدائش کو خوشی اور بھائی چارے کے ساتھ منایا، تو اب ہم اُسے اُس کے مشن کا آغاز کرتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ جب وہ ہمیں آسمان کی بادشاہی کے بارے میں بتاتا ہے۔ اے یسوع تیرا شکر ہو کہ تو نے شمعون اور اندریاس، یعقوب اور یوحنا کو دیکھا۔ وہ تیرے بلاوے کو رد نہ کر سکے۔ اور ان کا بھائی ہونا بھی بادشاہی میں ایک خوبصورت نشانی بن گیا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| منگل | سالِ دوئم عام ایام | 13۔جنوری |
|---|---|---|



| رنگ سبز / سفید | سینٹ ہیلری، بشپ اور کلیسیائی معلم |
|---|---|

1۔سموئیل 1:9۔20 زبور: 1۔سموئیل 2:1،4۔8

مرقس 1:21۔28

**مرکزی آیت: ''وہ اس کی تعلیم سے حیران رہ گئے۔'' مرقس 1:22**

یسوع خدا باپ کا کلام ہے۔ وہ محبت کے لئے، محبت سے، اور محبت کی بات کرتا ہے۔ اسی لئے اس کی بات میں اختیار ہے اور لوگ اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اس کی منادی شفا کے نشانوں اور انسان کی رہائی سے ثابت ہوتی ہے۔ سب حیران رہ جاتے ہیں، کیونکہ کسی نے بھی یسوع کی طرح خدا کی محبت کو انسانوں کے سامنے پیش نہیں کیا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

1۔سموئیل 3:1۔10؛19۔20 زبور 39

رنگ سبز

مرقس 1:29۔39

## مرکزی آیت: ”تو نے مجھے بلایا، میں حاضر ہوں۔“ 1۔سموئیل 3:8

یہ تیسری بار تھا کہ سموئیل نے رات کے وقت اس آواز کو سنا جو اسے بلا رہی تھی۔ ایلی، جو ہیکل کا کاہن تھا، سمجھ گیا کہ یہ خداوند کی آواز ہے۔ اسی لئے اس نے سموئیل سے کہا کہ جیسے ہی وہ آواز پھر سنے، تو بغیر جھجک کے جواب دے ”میں حاضر ہوں۔“ اے یسوع! تیرا شکر ہو کہ تو نے اپنی آواز مجھے بھی سنائی۔ تیرا شکر ہے ان لوگوں کے لئے جنہوں نے میری مدد کی کہ میں تیری آواز کو پہچان سکوں۔ خاص طور پر میرے روحانی باپ کے لئے۔۔۔ اسے ہمیشہ برکت دے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مقدس رومید یوس، گوشہ نشین راہب

رنگ سبز یا سفید

1۔سموئیل 4:1۔11

زبور 43

مرقس 1:40۔45

### مرکزی آیت: ''لوگ ہر طرف سے اس کے پاس آنے لگے۔'' مرقس 1:45

یسوع کو ایک ویران جگہ پر جانا پڑا کیونکہ اس نے کوڑھی کو چھولیا تھا۔لیکن لوگوں کو معلوم تھا کہ وہ آلودہ نہیں ہوا۔ بلکہ اس کے برعکس شفا دیتا ہے۔ اے یسوع! تیرا شکر ہو کہ تو اپنے ساکرامنٹوں کے ذریعے اپنے فرزندوں کے جسموں اور روحوں کو چھوتا ہے۔اوران کے لئے بھی شکر، جو دنیا سے کٹ کر تیرے ساتھ تنہائی میں دعائیہ زندگی گزارتے ہیں، جیسے سینٹ رومیدیوس جن کا آج ہم یوم یادگار منا رہے ہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

1۔سموئیل 8:4۔7؛ 10۔22  زبور 88

مرقس 2:1۔12

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ’’ہم نے ایسا منظر کبھی نہیں دیکھا۔‘‘ مرقس 2:12**

یہ الفاظ صرف ان لوگوں کے لئے تعجب کا باعث نہیں تھے، جنہوں نے مفلوج شخص کو شفا پاتے دیکھا۔ بلکہ یہ خدا کی تمجید کے الفاظ بھی تھے۔ درحقیقت انہوں نے صرف ایک صحت یاب ہوتے ہوئے انسان کو نہیں، بلکہ سب سے بڑھ کر ایک معاف کئے گئے انسان کو دیکھا تھا۔ خداوند یسوع مسیح اپنی کلیسیا میں آج بھی کتنے ہی ’’معذوروں‘‘ کو ان کے گناہوں کو معاف کر کے چلنے کے قابل بناتا ہے۔ ان میں، میں بھی شامل ہوں، جو یہ کہہ سکتا ہے: ’’میں نے کبھی ایسا خدا نہیں دیکھا جو انسان کی آواز میں معاف کرتا ہے۔‘‘

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 17۔جنوری | سالِ دوئم عام ایام | ہفتہ |
| --- | --- | --- |

1۔سموئیل1:9۔4، 17۔19، 26، 1:10 زبور20

مرقس13:2۔17

رنگ سبز

**مرکزی آیت:"بہت سے لوگ اس کے پیچھے ہو لئے۔" مرقس15:2**

ان میں وہ مرد اور عورتیں بھی شامل تھے جو گناہ کی زندگی گزار رہے تھے۔اے یسوع! تو کسی کو دھتکارتا یا حقیر نہیں جانتا۔تیری قربت، تیری محبت اور تیرے روح کی طاقت ہی ہر انسان کے لئے واحد شفا ہے۔اے یسوع! تیرا شکر ہو اس خواہش کے لئے جو تو نے میرے دل میں رکھی کہ میں تیرے قریب رہوں۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

| 18۔جنوری | سالِ اوّل عام ایام کا دوسرا اتوار | اتوار |
|---|---|---|



## مسیحیوں کے اتحاد کے لئے دعا کی آٹھ روزہ عبادات کا آغاز

رنگ سبز

اشعیا 49:3، 5۔6

زبور 39

1۔قرنتیوں 1:1۔3

یوحنا 1:29۔34

**مرکزی آیت: ”یہ خدا کا بیٹا ہے۔“ یوحنا 1:34**

جیسے ہی یسوع پانی میں اترتے ہیں، یوحنا دیکھتا ہے کہ روح القدس اس پر کبوتر کی شکل میں نازل ہورہا ہے۔ جیسا کہ اسے الہام ہوا تھا۔ وہ ان باتوں کو جوڑ کر اعلان کرتا ہے کہ یسوع خدا کا بیٹا ہے۔ اے یسوع! تیرا شکر ہے کہ تیرے اوپر ٹھہرنے والے روح القدس کے وسیلہ سے تو اپنی کلیسیا کو اس مطلوبہ اتحاد کی طرف لے جائے گا۔

1۔سموئیل 16:15۔23 زبور 49

رنگ سبز

مرقس 2:18۔22

**مرکزی آیت: ''اس دن وہ روزہ رکھیں گے۔'' مرقس 20:2**

آج انہی دنوں میں سے ایک دن ہے، جب یسوع ہم سے لے لیا جاتا ہے۔ کیونکہ کلیسیاؤں کی تقسیم ہمیں اس کی حضوری سے محروم کر دیتی ہے۔ ضرورت ہے کہ ہم روزہ رکھیں۔ مسیحیوں کے اتحاد کے لئے دعا کو تقویت دیں اور اس نعمت کو باپ سے مانگیں، جسے ہمارا غرور و تکبر بگاڑ چکا ہے اور جو مزید بگڑتا جا رہا ہے۔ صرف یسوع دلہا ہی اپنی بے وفا دلہن کلیسیا کے زخموں کو شفا دے سکتا ہے۔ کیونکہ وہ ہمیشہ کی طرح اسے پیار کرتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| منگل | سالِ دوئم عام ایام مسیحی اتحاد کا ہفتہ | 20۔جنوری |
|---|---|---|



مقدس فیبیانو، پوپ اور شہید، تیسری صدی، مقدس سیبسٹین

رنگ سبز/سرخ

1۔سموئیل 1:16۔7، 10۔13

زبور 88

مرقس 2:23۔28

**مرکزی آیت:''خداوند کا روح داؤد پر زور سے نازل ہوا۔'' 1۔سموئیل 13:16**

یہ اس وقت ہوا جب داؤد کو بنی اسرائیل کا بادشاہ مقرر کرنے کے لئے مسح کیا گیا۔روح القدس آج بھی خداوند کے خادموں کا وفادار ہے اور ان کے الفاظ اور اعمال کے ساتھ اس پانی کی مانند جو زور سے بہتا اور زندگی بخشتا ہے، ان کا ساتھ دیتا ہے۔اے خداوند! تیرا شکر ہو، تو نے مجھے کلیسیا کا حصہ بننے کا تحفہ دیا اور یہ نعمت بھی بخشی کہ میں تجھ سے دعا کرسکوں، ان سب کے اتحاد کے لئے جو تجھ پر ایمان رکھتے ہیں۔

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................



## مقدسہ ایگنس، کنواری اور شہید

رنگ سبز / سرخ

1۔سموئیل 17:32۔33، 37، 40۔51

زبور 143

مرقس 3:1۔6

**مرکزی آیت: ''میں رب الافواج کے نام پر تیرے پاس آتا ہوں۔'' 1۔سموئیل 17:45**

یہ الفاظ داؤد نے اس وقت کہے جب وہ اپنے فلاخن اور چرواہے کی لاٹھی کے ساتھ خوفناک جیسے دشمن جاتی جولیت کا سامنا کرنے گیا اور اسے شکست دی۔ ہم بھی اپنے دل اور کلیسیا کے دشمنوں پر غالب آئیں گے، بشرطیکہ ہم ان کا سامنا یسوع کے نام سے کریں۔ ان دنوں ہم خاص طور پر یسوع کو پکار رہے ہیں تا کہ وہ ہمارے درمیان عداوت پر قابو پائے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



**مقدس ونسنٹ، شماس اور شہید** | **رنگ سبز / سرخ**

**1۔سموئیل 18:6۔9؛ 19:1۔7** **زبور 55**

**مرقس 3:7۔12**

**مرکزی آیت: ''اس نے انہیں حکم دیا کہ وہ ظاہر نہ کریں کہ وہ کون ہے۔'' مرقس 3:12**

یسوع اتحاد کا سرچشمہ ہے۔ اس سے محبت دلوں کو جوڑتی ہے اور اتحاد کو حقیقت بناتی ہے۔ صرف الفاظ، چاہے وہ سچے اور مقدس ہی کیوں نہ ہوں، اگر ان میں یسوع کی محبت نہ ہو جیسے ان بدروحوں کے الفاظ میں تھی جو اسے خدا کا بیٹا کہہ کر پکارتی تھیں، تو وہ یسوع کی سچی گواہی نہیں بنتے۔ محبت سے خالی الفاظ الٹا اثر کرتے ہیں۔ یہ یسوع کی طرف نہیں بلکہ خود ان بدروحوں کی طرف توجہ دلاتے ہیں، اور یوں اس کی ایک جھوٹی تصویر پیش کرتے ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

1۔سموئیل 3:24۔21 زبور 56

رنگ سبز

مرقس 3:13۔19

**مرکزی آیت: ''اس نے بارہ چنے۔۔۔تاکہ وہ بدروحوں کو نکالنے کا اختیار رکھیں۔'' مرقس 3:14**

واقعی دل کو بہت سی بدروحوں اور شیطانی اثرات سے آزاد کرنے کی ضرورت ہے، جو ہمیں طاقت اور دولت کی پیاس، بے لگام خواہشات، رنجش اور حسد میں جکڑے رکھتی ہیں۔صرف یسوع ہی ہمیں اس غلامی سے رہائی دے سکتا ہے۔اور وہ یہ کام آج بھی ان بارہ رسولوں اور ان کے مقرر کردہ خادموں کے ذریعے کرتا ہے۔جو اس کی کلیسیا میں خدمت سرانجام دیتے ہیں۔اس کی محبت کے پیغام کو قبول کرنا، اس کی قربت میں جینا اور سب ایمانداروں کے ساتھ اتحاد کا تجربہ کرنا، کتنی خوشی کی بات ہے۔

.........................................................

.........................................................

.........................................................


.........................................................

.........................................................

.........................................................

.........................................................

| 24۔جنوری | سالِ دوئم عام ایام مسیحی اتحاد کا ہفتہ | ہفتہ |
|---|---|---|



| مقدس فرانسس دی سالز، بشپ اور کلیسیائی معلم | رنگ سبز / سفید |
|---|---|

2۔سموئیل 1:1۔4، 11۔12، 17، 19، 23۔27 زبور 79

مرقس 3:20۔21

**مرکزی آیت: ''تیری دوستی مجھے عزیز تھی۔'' 2۔سموئیل 1:26**

داؤد اور یُوناتان کے درمیان ایک سچی دوستی تھی، ایک برادرانہ رشتہ، جو باہمی احترام سے بھرپور تھا۔ اے یسوع، تو بھی چاہتا ہے کہ مسیحی، چاہے وہ مختلف فرقوں سے تعلق رکھتے ہوں، اسی طرح کے رشتے میں بندھے ہوئے ہوں۔ تیری دعا اور ہماری دعاؤں کے وسیلے سے ایسا معجزہ ہو جائے۔ اے مقدس فرانسس دی سالز، جس نے اہلِ ایمان کے اتحاد کے لئے دکھ سہا اور سخت محنت کی، ہمارے لئے دعا کر۔

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

.........................................................................

| 25۔جنوری | سالِ اوّل عام ایام کا تیسرا اتوار | اتوار |
| --- | --- | --- |



**مسیحیوں کے اتحاد کے لئے دعاؤں کے ہفتے کا اختتام**

**رنگ سبز**

**بائبل مقدس کا اتوار**

**اشعیا 8:23، 9:3** — **زبور 26**

**1۔قرنتیوں 1:10۔13** — **متی 4:12۔23**

**مرکزی آیت: ''مسیح کی صلیب بے فائدہ نہ ہو۔'' 1۔قرنتیوں 1:17**

پولوس اور خداوند کے تمام خادموں کی توجہ اس بات کو تسلیم کروانے پر ہے کہ کلیسیا کا سارا کام یسوع کی صلیب سے ہی فیض یاب ہوتا ہے۔ اسی صلیب سے روح القدس کا تحفہ جاری ہوتا ہے، نیز وہ روشنی جو ہمیں خدا کے کلام کو سمجھنے میں مدد دیتی ہے اور وہ قوت جو ایمانداروں کے درمیان اتحاد پیدا کرتی ہے۔ اے یسوع! ہمیں یہ فضل عطا فرما کہ ہم تیری مقدس صلیب کو محبت کے ساتھ اٹھائیں۔



## مقدس تیموتاؤس اور طیطس، بشپس

رنگ سبز / سفید

2۔تیموتاؤس 1:1۔8 یا طیطس 1:1۔5

زبور 95

لوقا 10:1۔9

**مرکزی آیت: ''خدا کی بادشاہی تمہارے قریب آ گئی ہے۔'' لوقا 10:9**

جب ہم یسوع کے ساتھ محبت اور فرمانبرداری کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں تو جن لوگوں سے ہم ملتے ہیں ان تک ہم اس حقیقت کی گواہی لے جاتے ہیں کہ خدا واقعی حکمرانی کرتا اور برسرِعمل میں ہے۔ میری والدہ نے بھی ایک بار یہ بات محسوس کی جب انہوں نے مجھے خوشی اور چستی کے ساتھ گھر میں خدمت کرتے دیکھا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| منگل | سالِ دوئم عام ایام | 27۔جنوری |
|---|---|---|



| رنگ سبز / سفید | مقدسہ اینجلا میریچی، کنواری |
|---|---|

زبور23

2۔سموئیل12:6۔15، 17۔19

مرقس31:3۔35

**مرکزی آیت: ''داؤد خداوند کے حضور ساری طاقت سے ناچتا رہا۔'' 2۔سموئیل14:6**

آج کا واقعہ ہمیں اس وقت کی یاد دلاتا ہے جب داؤد بادشاہ عہد کے صندوق کو شیلوہ سے یروشلم لے کر گیا۔ وہ عہد کے صندوق کے آگے آگے دلی خوشی سے گاتا اور ناچتا ہوا جا رہا تھا۔ یہ واقعہ مجھے ان دعائیہ مجلسوں کی یاد دلاتا ہے جہاں ہمیں دعوت دی جاتی ہے کہ ہم دعا کے لئے اپنے ہاتھ اٹھائیں۔ میرے لئے ایسی دعوت گویا خدا کے طرف سے ہوتی ہے، جو میرے لئے خدا کی تمجید کا ایک ذریعہ نیز خوشی کا سبب اور اندرونی آزادی کا تجربہ بن جاتی ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



**مقدس تھامس ایکوینس، کاہن اور کلیسیائی معلم**

**رنگ سبز / سفید**

**2 سموئیل 7:4۔17**

**زبور 88**

**مرقس 4:1۔20**

**مرکزی آیت: ''اس نے ان سے کہا: سنو!'' مرقس 4:2**

یسوع، جو ایک اچھا بیج بونے والا ہے، ''بونے'' کے لئے تیار ہے۔ ایک الٰہی استاد کی حیثیت سے وہ فرماتا ہے: ''سنو!'' خدا نے یہ دعوت بنی اسرائیل کو بار بار دی۔ اچھی فصل اس بات پر منحصر ہے کہ خدا کے کلام کو توجہ سے سن کر دل میں محفوظ رکھا جائے۔ اگر یہ توجہ موجود ہو، تو ہماری زندگی کی ''زمین'' تیس گنا، ساٹھ گنا، بلکہ سو گنا پھل دے گی۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## مقدس جوزف فراناد ے میٹز، کاہن

رنگ سبز/سفید

2۔سموئیل 7:18۔19،24۔29

زبور 131

مرقس 4:21۔25

**مرکزی آیت: ''کیا چراغ اس لئے ہوتا ہے کہ پیمانے کے نیچے رکھا جائے؟'' مرقس 4:21**

اے خداوند یسوع! وہ روشنی جو باپ کی طرف سے آتی ہے، وہ تو ہی ہے۔ تیرے بغیر انسان یہ سمجھ نہیں پاتا اور نہ جان پاتا ہے کہ تو اسے پیار کرتا ہے۔ تیرے بغیر اسے زندگی حاصل نہیں۔ ہم وہ چراغ ہیں جو تیری روشنی کو لے کر چلتے ہیں۔ یہ روشنی، جو تیری کلیسیا میں رکھی گئی ہے، دنیا میں بلند ہو کر چمکتی ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

2۔سموئیل 11:1۔4، 5:10، 13۔17 زبور 50

مرقس 4:26۔34

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''وہ اپنے شاگردوں کو الگ لے جا کر سب کچھ سمجھا دیتا تھا۔'' مرقس 4:34**

یسوع اپنے شاگردوں کو علیحدگی میں وہ تمام تمثیلیں سمجھایا کرتا تھا، جو وہ لوگوں کو سناتا تھا۔ مثلاً وہ بیج جو اپنی ذات میں بڑھنے اور پھل لانے کی طاقت رکھتا ہے۔ یا رائی کا دانہ جو سب بیجوں میں چھوٹا ہونے کے باوجود ایک ایسا درخت بن جاتا ہے جس کی ڈالوں پر پرندے اپنے گھونسلے بناتے ہیں۔ اے یسوع تیرا شکریہ! ہم وہی بیج ہیں جنہیں تو بڑھاتا ہے تاکہ بہت سے لوگ اپنے لئے گھونسلہ بنانے کی جگہ پا سکیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 31۔جنوری | سالِ دوئم عام ایام | ہفتہ |
| --- | --- | --- |



**مقدس جان باسکو، کاہن** | **رنگ سبز/سفید**

2۔سموئیل 12:1۔7، 10۔17 زبور 50

مرقس 4:35۔41

**مرکزی آیت: ''کیا تم ابھی تک ایمان نہیں لائے۔'' مرقس 4:40**

جب ہم مشکل اور خطرے میں ہوتے ہیں، جیسے کہ طوفانی جھیل میں شاگرد کشتی پر تھے، تو ہم خوف، بے چینی اور کبھی کبھار تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ تاہم، جب ہم یسوع پر ایمان رکھتے ہیں، ہارے بغیر اور چاہے ''تھوڑے ایمان'' کے ساتھ، تو سکون واپس آجاتا ہے۔ یسوع نے کئی بار ہماری مدد کی ہے۔ اے یسوع تیرا شکر ہو کہ تو ہمارے ساتھ رہ کر ہماری دیکھ بھال کرتا ہے۔ حتیٰ کہ اس وقت بھی جب ہمیں لگتا ہے کہ تو سو رہا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................